# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

## انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ماڈل پیپر ۲۰۲۲ء وآئندہ (نئی کتاب کے مطابق)

۱۵ فروری ۲۰۲۲ء — اردو (لازمی) مادری زبان پرچہ (اوّل) — وقت ۲۰ منٹ

(تمام گروپس کے لیے)

حصہ 'الف' (کثیر الانتخابی سوالات) — نشانات ۲۰

**نوٹ: تمام سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔**

**سوال نمبر ۱: مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب منتخب کیجیے۔**

(i) انھیں دبستان لکھنؤ کا نمائندہ شاعر کہا جاتا ہے:

☆ میرانیس ☆ نظیر اکبرآبادی ☆ خواجہ حیدر علی آتش ☆ خواجہ میر درد

(ii) خضر، الیاس اور سکندر بادشاہ کے کردار نصاب میں شامل اس سبق سے تعلق رکھتے ہیں:

☆ ملکہ بلقیس کا محل ☆ بابا نور ☆ زیور کا ڈبا ☆ آبِ حیات

(iii) نصاب میں شامل نعتیہ شاعر منظور حسین نے اس قلمی نام سے شاعری کی:

☆ اقبال عظیم ☆ ماہر القادری ☆ منیر نیازی ☆ آفاق صدیقی

(iv) سبق تھر کی نادیہ کمانچی کا تعلق اس صنف ادب سے ہے:

☆ داستان ☆ افسانہ ☆ سفرنامہ ☆ ڈرامہ

(v) انھیں اردو کا پہلا عوامی و جمہوری شاعر کہا جاتا ہے:

☆ احسان دانش ☆ نظیر اکبرآبادی ☆ علامہ اقبال ☆ افتخار عارف

(vi) شامل نصاب نظم داستان تیاری میں باغ کی اس مثنوی سے ماخوذ ہے:

☆ قدم راؤ پدم راؤ ☆ سحر البیان ☆ طوطی نامہ ☆ گلزارِ نسیم

(vii) نصاب میں شامل زیور کا ڈبا زیورات کی مالیت تھی:

☆ پانچ سو روپے ☆ پانچ ہزار روپے ☆ پانچ لاکھ روپے ☆ پانچ کروڑ روپے

(viii) میرانیس کی وجۂ شہرت ہے۔

☆ مکتوب نگاری ☆ مکالمہ نگاری ☆ مرثیہ نگاری ☆ مثنوی نگاری

(ix) انھیں اردو کا پہلا مضمون نگار تسلیم کیا جاتا ہے۔

☆ منشی پریم چند ☆ محمد حسین آزاد ☆ حسن نظامی ☆ سرسید احمد خان

(x) شامل نصاب مکتوب اقبال ان کے نام ہے:

☆ میر مہدی مجروح ☆ صدیق جاوید ☆ خان محمد نیاز الدین ☆ مشفق خواجہ

(xi) شعر میں کسی لفظ کی ضد کا استعمال اصطلاحاً کہلاتا ہے:

☆ صنعتِ حسنِ تعلیل ☆ صنعتِ استعارہ ☆ صنعتِ تجنیس ☆ صنعتِ تضاد

(xii) رستم و سہراب اس سبق کے کردار ہیں:

☆ بابا نور ☆ زیور کا ڈبا ☆ میدان جنگ ☆ فاقے کا روزہ

(xiii) ان کا پہلا تخلص اسدؔ تھا۔

☆ منیر نیازی ☆ احمد فراز ☆ مرزا غالب ☆ انور مسعود

(xiv) انھیں مصورِ فطرت بھی کہا جاتا ہے۔

☆ آفتاب حسن ☆ خواجہ حسن نظامی ☆ الیاس عشقی ☆ شوکت تھانوی

(xv) رباعی میں مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے۔

☆ آٹھ ☆ چھ ☆ چار ☆ تین

(xvi) انھیں شاعرِ مزدور کہا جاتا ہے۔

☆ قابل اجمیری ☆ جوش ملیح آبادی ☆ ساقی جاوید ☆ احسان دانش

(xvii) افسانہ بابا نور اس کتاب سے ماخوذ ہے۔

☆ آبِ حیات ☆ بازارِ حیات ☆ آزارِ حیات ☆ افکارِ حیات

(xviii) شعر مکمل کیجیے۔ ے اب دل میں ہے مقام کسی کا

☆ کہنا نہیں مانتے کسی کا ☆ سچ ہے کہ یہ کام تھا اسی کا ☆ انجام اچھا ہو آدمی کا ☆ یوں گھر نہ تباہ ہو کسی کا

(xiv) شامل نصاب سبق مجبوریاں ان کی تحریر ہے۔

☆ ابنِ انشاء ☆ شفیق الرحمٰن ☆ امتیاز علی تاج ☆ شوکت تھانوی

(xx) خوشبو، انکار اور خود کلامی ان کا شعری سرمایہ ہے۔

☆ احمد فراز ☆ انور مسعود ☆ افتخار عارف ☆ پروین شاکر

---

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION KARACHI

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، کراچی

## انٹرمیڈیٹ ایگزامینیشن ماڈل پیپر ۲۰۲۲ء و آئندہ (نئی کتاب کے مطابق)

۱۵ر فروری ۲۰۲۲ء　　　اردو (لازمی) مادری زبان پرچہ (اوّل)　　　وقت ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ

(تمام گروپس کے لیے)

## حصہ 'ب' (مختصر جواب کے سوالات)　　　نشانات ۵۰

سوال ۲:۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ (۱۰)

وحدت میں تیری حرف دوئی کا نہ آ سکے　　　آئینہ کیا مجال! تجھے منہ دکھا سکے
ترے فراق میں جیسے خیال مفلس کا　　　گئی ہے فکرِ پریشاں کہاں کہاں میری
زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بہ کف　　　قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا؟
ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا　　　اور درویش کی صدا کیا ہے؟
آغاز کو کون پوچھتا ہے　　　انجام اچھا ہو آدمی کا
کیا کہیں کتنے مراسم تھے ہمارے، اس سے　　　وہ جو اک شخص ہے منہ پھیر کے جانے والا

سوال ۳:۔ (الف) منتخب کردہ اقتباس کے مصنف اور سبق کا نام تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے۔ (۰۶)

(i) یہ بات ہم کو بھولنی نہیں چاہیے کہ ان روحانی بھائیوں کے سوا اور بھی ہمارے وطنی بھائی ہیں۔ گو وہ ہمارے ساتھ اس کلمے میں، جس نے ہم مختلف قوموں اور مختلف فرقوں کو ایک قوم اور آپس میں روحانی بھائی بنا دیا ہے، شریک نہیں ہیں، مگر بہت سے تمدنی امور ہیں جن میں ہم اور وہ مثل بھائیوں کے شریک ہیں۔

(ii) علم ایک خزانۂ غیبی اور دل اس کا خزانچی، حوصلہ اس کا قفل ہے اور تو اس کی کنجی۔ دیکھ اس قفل کو بے اجازت نہ کھول اور اس خزانے کو بے موقع نہ اٹھا۔ وعظ و نصیحت تیرا فرض ہے اور تلقین و ارشاد تیرا کام۔ ناصحِ مشفق تیری صفت ہے اور مرشدِ برحق تیرا نام۔ خبردار! اس نام کو عیب نہ لگانا اور اس فرض سے جی نہ چرانا۔

(iii) ہم جانتے ہیں کہ تم زندہ ہو۔ تم جانتے ہو کہ ہم زندہ ہیں۔ امرِ ضروری کو لکھ لیا۔ زوائد کو اور وقت پر موقوف رکھا اور اگر تمھاری خوش نودی اسی طرح کی نگارش پر منحصر ہے تو بھائی ساڑھے تین سطریں ویسی بھی میں نے لکھ دیں۔ کیا نماز قضا نہیں پڑھتے اور وہ مقبول نہیں ہوتی؟

**تشریح کے لیے مختص اسباق**

قومی اتفاق　زبانِ گویا　تخلیقِ کائنات　کچھ ذریعہ تعلیم کے باب میں　سندھی شاعری کے تراجم
تھرکی نادیہ کمانچی　ملکہ بلقیس کا محل　خطوط: غالبؔ اقبالؔ اور مشفق خواجہ

سوال نمبر ۴:۔ (الف) نظم کے شاعر کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ (۰۶)

داستان تیاری میں باغ کی　مردِ مسلماں　چپ کی داد

-------------------- یا --------------------

(ورق الٹیے)

(الف) تشریح کردہ جز کے شاعر اور نظم کا نام تحریر کیجیے۔

(ب) درج ذیل جز کی تشریح کیجیے۔

تعریف میں چشمے کو سمندر سے ملادوں ذرے کی چمک مہر منور سے ملادوں
قطرے کو جو دوں آب تو گوہر سے ملادوں خاروں کو نزاکت میں گلِ تر سے ملادوں
گل دستۂ معنی کو نئے ڈھنگ سے باندھوں
اک پھول کا مضموں ہو تو سو رنگ سے باندھوں

**بند کی تشریح اور مرکزی خیال کے لیے نظمیں**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رہے نام اللہ کا | داستان تیاری میں باغ کی | یارب چمنِ نظم کو گلزارِ ارم کر | چپ کی داد | |
| مردِ مسلماں | نوائے سروش | سائیڈ افیکٹس | | |

سوال نمبر ۵:۔ (الف) منتخب کردہ سبق کے مصنف کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (۰۶)

بابا نور بیگم کی بلی خواہ مخواہ کی لڑائی

--------------- یا ---------------

**خلاصے کے لیے اسباق**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فاقے میں روزہ | زیور کا ڈبا | بابا نور | آبِ حیات | میدانِ جنگ |
| بیگم کی بلی | خواہ مخواہ کی لڑائی | مجبوریاں | ایک انار و صد بیمار | |

درج ذیل سوالات میں سے کسی بھی دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

(i) جن نے ملکہ سبا سے متعلق کیا معلومات فراہم کی تھیں؟ (ii) کارونجھر پہاڑی سلسلہ کس جگہ واقع ہے؟

(iii) رستم نے خدا کے حضور کیا دعا کی تھی اور اس دعا کا کیا انجام ہوا؟ (iv) اردو زبان کی ترقی میں پہلے پہل کن لوگوں نے حصہ لیا؟

سوال نمبر ۶:۔ مندرجہ ذیل میں سے دو کی تعریف شعری امثال کے ساتھ کیجیے۔ (۰۸)

صنعتِ استعارہ صنعتِ تکرار صنعتِ حسنِ تعلیل صنعتِ تضاد

**مختص شعری اصطلاحات**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صنعتِ تلمیح | صنعتِ تضاد | صنعتِ تشبیہ | صنعتِ استعارہ | صنعتِ تکرار |
| مطلع | مقطع | قافیہ | ردیف | صنعتِ حسنِ تعلیل |

----------- یا -----------

شاملِ نصاب غزلیات میں سے دو شعراء کے دو، دو اشعار تحریر کیجیے۔ جو پرچہ میں شامل نہ ہوں۔

سوال نمبر ۷:۔ درج ذیل محاوروں میں سے چار کو اپنے جملوں استعمال کیجیے۔ (۰۸)

کلیجا منہ کو آنا　پانی پھرنا　ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا　زبان پکڑنا
ٹھوکر کھانا　جی لبھانا

------------ یا ------------

درج ذیل میں سے کسی دو اصناف کی تعریف کیجیے۔

ڈرامہ　مرثیہ　غزل　افسانہ

| مختص اصناف ادب | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مضمون | افسانہ | ڈرامہ | سفرنامہ | خطوط نگاری |
| نعت | مثنوی | غزل | مرثیہ | نظم |

## حصہ 'ج' (تفصیلی جواب کے سوالات)

سوال نمبر ۸:۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے کلام کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ (۱۵)

خواجہ میر درد　مرزا غالب　نظیر اکبر آبادی　علامہ اقبال

| سوال نمبر ۸ کے لیے مختص شاعر | | | |
|---|---|---|---|
| خواجہ میر درد | میر تقی میر | خواجہ حیدر علی آتش | مرزا غالب |
| حسرت موہانی | احسان دانش | نظیر اکبر آبادی | علامہ اقبال |

سوال نمبر ۹:۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کی طرز تحریر خصوصیات تحریر کیجیے۔ (۱۵)

پریم چند　سر سید احمد خان　حسن نظامی　امتیاز علی تاج

| سوال نمبر ۹ کے لیے مختص نثر نگار | | | |
|---|---|---|---|
| سر سید احمد خان | خواجہ حسن نظامی | منشی پریم چند | احمد ندیم قاسمی |
| آغا حشر کاشمیری | امتیاز علی تاج | شوکت تھانوی | ابن انشاء |

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION KARACHI

------------ یا ------------

اپنے کالج میں منعقدہ تقریب تقسیم انعامات کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کیجیے۔

-----------------------------------